# کرائے دار کو نوٹس:

اگر کوویڈ19- عالمی وبا کے دوران، آپ اپنی آمدنی سے محروم ہو گئے ہیں یا آپ کے اخراجات بڑھ گئے تھے، یا منتقلی کے نتیجے میں آپ کو یا آپ کے خاندان کے کسی فرد کو کسی پوشیدہ طبی حالت کی وجہ سے کوویڈ19- سے شدید بیماری یا موت کا بڑھا ہوا خطرہ لاحق ہے، اور آپ ان مشکلات کا اقرار نامہ فارم (Hardship Declaration Form) دستخط کر کےآپ اپنے مالک مکان کوبھیجتے ہیں تو آپ کو کرائے کی عدم ادئیگی یا اپنے کرائے کے معاہدے کی مدّت گزرنے کی بنا پر کم از کم 31 اگست 2021 سے پہلے بیدخل نہیں کرایا جا سکتا ۔ تاہم، آپ کو دوسرے کرائے داروں یا مکینوں کے استعمال اور استفادے کے حقوق میں دخل اندازی کرنے یا دوسروں کی سلامتی کے لیے نمایاں خطرے کا سبب بننے والے رویوں میں مسلسل اور نا معقول طور پر ملوث رہ کر اپنے معاہدے کی شرائط و ضوابط کی خلاف ورزی کی بنا پر بیدخل کرایا جا سکتا ہے۔

اگر آپ کے مالک مکان نے آپ کو یہ فارم فراہم کیا تھا توآپ کے مالک مکان کے لیے لازمی ہے کہ وہ آپ کو اس فارم کو واپس بھیجنے کا ڈاک کا پتہ اورای میل پتہ بھی فراہم کرے۔ اگر آپ کے مالک مکان نے آپ کے خلاف بیدخلی کی کارروائی پہلے ہی شروع کر دی ہے تو آپ یہ فارم اپنے مالک مکان یا عدالت یا دونوں کو کسی بھی وقت واپس کر سکتے ہیں۔ آپ کو اس دستخط شدہ فارم کی ایک نقل یا اس کی تصویر اپنے پاس رکھنی ہوگی۔ تاہم، آپ اب بھی اپنے کسی بھی غیر ادا شدہ کرائے کو اپنے مالک مکان کو ادا کرنے کے لیے ذمہ دار ہوں گے۔ آپ کو اس بات کا پوری احتیاط کے ساتھ حساب رکھنا ہوگا کہ آپ نے کتنی رقم ادا کی ہے اور آپ کی طرف سے کتنی رقم واجب الادا ہے۔

آپ کے لیے دستیاب ہو سکنے والے قانونی وسائل سے متعلق مزید معلومات کے لیے، /www.nycourts.gov/evictions/nyc کو ملاحظہ کریں یا اگر آپ نیو یارک شہر میں رہائش پذیر ہیں تو 718.557.1379 پر کال کریں یا اگر آپ نیو یارک شہر سے باہر رہائش پذیر ہیں تو /www.nycourts.gov/evictions/outside-nyc کو ملاحظہ کریں یا مقامی بار ایسوسیٔ ایشن (وکلا کی انجمن) یا قانونی خدمات فراہم کنندہ کو کال کریں۔ آپ کے لیے کرائے سے متعلق سہوٗلت دستیاب ہو سکتی ہے، اس کے لیے آپ کو اپنے مقامی رہائشی معاونت کے دفتر سے رابطہ کرنا ہوگا۔

Index Number (if known/applicable): ____________________

County and Court (if known/applicable): ____________________

# کوویڈ19- عالمی وبا کے دوران
# کرائے دار کی مشکلات کا اقرار نامہ

میں (رہائشی یونٹ کا پتہ) میں طئے شدہ اس لیز یا کرائے داری کے معاہدے کے تحت ایک کرایہ دار، قانونی مکین یا کرائے کی ادائیگی، استعمال یا رہائش کے لیے ذمہ دار شخص ہوں۔

______________________________________________

**آپ کو ذیل میں اختیار "الف" یا "ب" یا دونوں کو منتخب کر کے اپنے انخلا سے تحفظ کے لیے اپنی اہلیت کا اشارہ دینا ہوگا۔**

☐ الف۔ میں مالیاتی مشکلات سے دوچار ہوں، اور میں اس لیز کے تحت ذیل میں سے ایک یا زائد وجوہات کی بنا پراپنا کرایہ یا دیگر مالیاتی ذمہ داری کو مکمل طور پر ادا کرنے یا متبادل مناسب مستقل رہائش گاہ حاصل سے قاصر ہوں:

1. کوویڈ19- عالمی وبا کے دوران، گھریلو آمدنی میں نمایاں نقصان۔
2. کوویڈ19- عالمی وبا کے دوران، ضروری کام کو انجام دینے یا متعلقہ صحت کے اثرات سے متعلق اضافی اخراجات میں اضافہ۔
3. کوویڈ19- عالمی وبا کے دوران نگہداشت اطفال سے متعلق ذمہ داریاں یا عمر رسیدہ فرد یا خاندان کے معذور یا بیمار فرد کی نگہداشت کی ذمہ داریاں، میری یا میرے گھر کے کسی فرد کی معنی خیز ملازمت یا آمدنی کے حصول یا اپنے اضافی اخراجات کی تلافی کی اہلیت منفی طور پر اثر انداز ہوئی ہے۔
4. 4. کوویڈ19- عالمی وبا کے دوران منتقلی کے اخراجات اور متبادل مکان کو حاصل کرنے کے سلسلے میں مجھے درپیش مشکلات نے کسی دوسرے مکان کا حصول میرے لیے مشکل بنا دیا ہے۔
5. کوویڈ19- عالمی وبا سے متعلق دیگر صورت حال نے میری یا میرے گھر کے کسی فرد کی معنی خیز ملازمت یا آمدنی کے حصول کی اہلیت کو متاثر کیا ہے یا میری گھریلو آمدنی میں کمی یا میرے اخراجات میں معقول حد تک اضافہ کیا ہے۔

میرے گھریلو آمدنی کے نقصان یا اخراجات کے بڑھنے کی وجہ سے، کسی بھی سرکاری معاونت بشمول بے روز گاری کا بیمہ یا عالمی وبا کی بے روزگاری کی معاونت، معذوری کا بیمہ یا ادائیگی والی خاندانی چھٹی جو مجھے کوویڈ19- عالمی وبا کے آغاز سے حاصل ہوئی تھی، میری گھریلو آمدنی کے نقصان یا اخراجات میں اضافے کی مکمل طور پر تلافی نہیں کر سکے۔

☐ ب: اس مکان کو خالی کر کے نئے مستقل گھر میں منتقلی سے صحت کے لیے ایک نمایاں خطرہ درپیش ہوگا، کیونکہ مجھے یا میرے خاندان کے ایک یا زیادہ افراد کو پینسٹھ سال سے زیادہ عمر کے ہونے، معذوری لاحق ہونے، یا پوشیدہ طبی حالت بشمول لیکن بلاتحدید جسمانی دفاعی نظام سے متعلق نقص لاحق ہونے کی وجہ سے کوویڈ19- سے سنگین بیماری یا موت کا بڑھا ہوا خطرہ لاحق ہے۔

میں سمجھتا/ سمجھتی ہوں کہ مجھے اپنے کرائے داری، لیز معاہدے یا اس سے مماثل معاہدے کے تحت تمام قانونی شرائط کی پاسداری کرنی لازمی ہے۔ میں مزید یہ سمجھتا/ سمجھتی ہوں کہ میرے کرائے داری، لیز معاہدے یا اس سے مماثل معاہدے کی رو سے کرائے کو مکمل طور پر ادا نہ کرنے کی وجہ سے مطلوبہ قانونی فیس، جرمانے یا سود کی ادائیگی مجھ پر لاگو کی جا سکتی ہے یا انہیں مجھ سے وصول کیا جا سکتا ہے اور اس کے نتیجے میں میرے خلاف مالیتی فیصلہ کیا جا سکتا ہے۔ میں مزید اس بات کو سمجھتا/ سمجھتی ہوں کہ میرا مالک مکان 31 اگست 2021 کے بعد مجھے اس گھر کو خالی کرنے کا تقاضہ کر سکتا ہے اور یہ کہ قانون اس وقت مخصوص تحفظات فراہم کرسکتا ہے جو کہ اس اقرار نامہ میں دستیاب تحفظات سے مختلف ہوں۔

دستخط کردہ: ______________________

بڑے حروف میں نام: ______________________

دستخط کرنے کی تاریخ: ______________________

**نوٹس:** آپ اس فارم کو تادیبی قانون کے تابع دستخط کر کے جمع کرا رہے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اس فارم میں کوئی بھی ایسا بیان دینا قانون کے خلاف ہے جس کے جھوٹا ہونے سے آپ واقف ہیں۔